سوال

(203)اونٹ کی قربانی میں کتنے آدمی شریک ہوں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اونٹ کی قربانی میں دس آدمی شریک ہوسکتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے عیدالاضحیٰ آئی تو ہم گائے میں سات افراد اور اونٹ میں دس اشخاص شریک ہوئے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے حدیبیہ کے سال سات سات آدمیوں کی طرف سے اونٹ اور گائے کو ذبح کیا۔ (مسلم)

ان دونوں صحیح حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اونٹ میں سات حصے بھی ہوسکتے ہیں اور دس بھی یہ شرعی سہولت ہے اس پر عمل کیا جا سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الاضحیة، صفحہ:259

محدث فتویٰ